Pressrelease

CHARITY COMMISSION

17 جون 2015 PR37/15

**ریگولیٹر مخیر حضرات کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اِس رمضان میں محفوظ طریقے سے عطیات دیں۔**

چیرٹی کمیشن لوگوں کی حوصلہ افزائی کررہا ہے کہ وہ اِس رمضان (18 جون تا 17 جولائی) میں وہ فلاحی اداروں کو عطیات دینے سے پہلے جانچ پڑتال کر لیں۔

ریگولیٹر کو علم ہے کہ بہت سارے لوگ سال کے اِس عرصہ کے دوران دل کھول کر نیک مقاصد کے لئے صدقہ و خیرات دیتے ہیں اور وہ اُن لوگوں سے جو ایسا کرتے ہوں، درخواست کرتے ہیں کہ وہ اِس بات کو یقینی بنانے کے لئے چند آسان کام کریں کہ عطیات مستحق فلاحی اداروں کو ملیں۔

اِس بات کی وضاحت کرنے کے لئے کمیشن نے ایک ویڈیو بعنوان'Change the Picture' بنائی ہے جو اِس بات پر زور دیتی ہے کہ لوگ مستحق، رجسٹرڈ فلاحی اداروں کو صدقہ و خیرات دے کر ضرورتمند لوگوں کی زندگی میں حقیقی تبدیلی لاسکتے ہیں۔ لوگوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ #ChangeThePicture استعمال کرکے ٹوئٹر پر یہ ویڈیو شیئر کریں۔

[1]ریگولیٹر کی جانب سے کی جانے والی تحقیق کے مطابق جب چندہ اکٹھا کرنے والے لوگ مخیر حضرات کے پاس آئے تو 5 میں سے صرف 2 افراد نے صدقہ و خیرات دینے سے پہلے چانج پڑتال کی۔

پورا سال چیرٹی کمیشن محفوظ طریقے سے صدقہ و خیرات دینے کے لئے عوام کی ہمت افزائی کرنے کے لئے مہم چلاتا ہے کہ وہ فلاحی اداروں کے لئے چندہ اکٹھا کرنے والوں کو صدقہ و خیرات دینے سے پہلے سادہ سی جانچ پڑتال کرلیں۔ کمیشن نے محفوظ طریقے سے صدقہ و خیرات دینے کے لئے درست اداروں کی شناخت کرنے میں مخیر حضرات کی مدد کرنے کے لئے دس ٹوٹکے بتائے ہیں تاکہ وہ اعتماد کے ساتھ صدقہ و خیرات دے سکیں۔

**چیرٹی کمیشن کی پالیسی اور کمیونیکیشن کی ڈائریکٹر سارہ ایٹکنسن نے کہا:**

"رمضان صدقات و خیرات دینے کا بہترین وقت ہے، لیکن بدقسمتی سے کچھ لوگ اِس موقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے تیار کھڑے ہوتے ہیں۔ ہم اِس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ مسلمان کمیونٹی کی جانب سے فیاضیانہ عطیات اُن مستحق لوگوں تک پہنچیں جن کے لئے یہ عطیات دئے گئے تھے۔ کمیشن اِس بات کا عزمِ صمیم کئے ہوئے ہے کہ فلاحی اداروں پر اعتبار بہت زیادہ ہو، چنانچہ ہم عوام کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ عطیات دینے سے پہلے ہماری آسان ہدایات پر عمل پیرا ہوں۔"

**مسلم چیرٹیز فورم کے چیئرمین، ڈاکٹر ھانی البَنّی نے کہا:**

"ہر رمضان کے دوران مسلمان فیاضی سے برطانیہ اور بیرون ممالک کئی نیک مقاصد کے لئے دل کھول کر صدقات و خیرات دیتے ہیں۔ یہ انتہائی ضروری ہے کہ یہ عطیات لازماً رجسٹرڈ اور مستحق فلاحی اداروں کو ملیں۔ میں لوگوں کی حوصلہ افزائی کرنا چاہوں گا کہ وہ کمیشن کی ویڈیو شیئر کریں اور محفوظ طریقے سے صدقہ و خیرات دینے کے لئے اُن کے مشورے پر عمل کریں تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ عطیات درست جگہ پہنچیں۔"

**اِس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ اِس رمضان کے دوران آپ محفوظ طریقے سے صدقہ و خیرات دیں، کمیشن کی جانب سے دس عمدہ مشورے؛**

1. صدقہ و خیرات دینے سے پہلے آن لائن چیرٹی سرچ ٹول کے ذریعے فلاحی ادارے کا نام اور رجسٹریشن نمبر چیک کریں: فائنڈ اے چیرٹی – رجسٹر آف چیریٹیز

[1] ایڈیٹر کے لئے نوٹس ملاحظہ فرمائیں

2. عوامی مقامات پر چندہ اکٹھا کرنے کے لئے چندہ اکٹھا کرنے والوں کو لوکل اتھارٹی کی جانب سے (یا لندن میں پولیس کی جانب سے) لائسنس کی ضرورت ہوتی ہے۔ جانچ کریں کہ اُن کے پاس یہ ہے۔ اگر چندہ نجی ملکیت والی جگہ پر اکٹھا کیا جاتا ہو، تو پتہ کریں کہ اُن کے پاس اِس کی اجازت ہے۔
3. جب چندہ اکٹھا کرے والے آپ کے پاس آئیں تو چیک کریں کہ انہوں نے مناسب شناختی بیج پہن رکھا ہے اور یہ کہ چندہ اکٹھا کرے والا ڈبہ سربمہر ہے۔
4. اگر شکوک و شبہات ہوں تو چندہ اکٹھا کرنے والے سے مزید معلومات کے لئے کہیں – اصلی چندہ اکٹھا کرے والا سوالات کے جواب دے کر اور فلاحی ادارے کے کام کے بارے میں وضاحت کرکے خوش ہو گا۔
5. چندہ اکٹھا کرنے کے لئے استعمال ہونے والے اصلی اسباب پر فلاحی ادارے کا نام، اندراج شدہ نام اور لینڈ لائین نمبر ہوگا۔ اُن لوگوں سے محتاط رہیں جنہوں نے صرف موبائل فون لکھ رکھا ہو۔
6. ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر کی جانے والی اپیلوں پر عطیات دینے سے پہلے اِس بات کی تسلی کرلیں کہ دینے کا طریقہ محفوظ ہے۔ آف کام نے اپنی ویب سائٹ پر ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر عطیات کی اپیل کے لئے ضابطے لکھے ہوئے ہیں: لائسنسنگ – آف کام ویب سائٹ
7. ای میلوں کا جواب دیتے ہوئے یا چیرٹی کی ویب سائٹ کے لنک کو چیک کرتے ہوئے محتاط رہیں تاکہ اِس بات کو یقینی بنا سکیں کہ وہ اصلی ہوہیں۔ اِس کی بجائے، اپنے منتخب شدہ فلاحی ادارے کو آن لائن تلاش کریں تاکہ یہ پتہ چل سکے کہ آپ کے پاس اصلی ویب کا پتہ ہے۔ مزید راہنمائی کے لئے دیکھیں: مخیر حضرات کی راہنمائی – آن لائی محفوظ رہیں
8. یہ پتہ چلانے کے لئے کہ آیا فلاحی ادارہ اصلی ہے، کپڑے اور دوسرا گھریلو سامان اکٹھے کرنے والے تھیلوں کا اچھی طرح معائنہ کریں۔
9. یہ جانچ پڑتال کرنے کے بعد، اگر آپ کو خیال آئے کہ عطیات اکٹھے کرنے والا یا اپیل اصلی نہیں ہے، تو اِس کی اطلاع ایکشن فراڈ کو 0300 123 2040 پر دیں اور چیرٹی کمیشن کو مطلع کریں: ایکشن-فراڈ-پولیس
10. چندہ اکٹھا کرنے والے کی جانب سے فوری طور پر عطیہ دینے کے لئے دباؤ میں مت آئیں۔ اگر کوئی شک ہو تو براہ راست فلاحی ادارے کو عطیہ دیں۔

رمضان کے مہینے میں محفوظ طریقے سے عطیات دینے کے لئے مزید معلومات چیرٹی کمیشن کی ویب سائٹ پر ہے

**اینڈز**
**مزید معلومات کے لئے برائے مہربانی پریس آفس سے 0300 065 2122 پر رابطہ کریں**

**ایڈیٹر کے نوٹس**

1. **چیرٹی کمیشن**
چیرٹی کمیشن انگلینڈ اور ویلز میں فلاحی اداروں کا خودمختار ریگولیٹر ہے۔ مزید معلومات کے لئے دیکھیں The Charity Commission - GOV.UK

ہم انگلینڈ اور ویلز میں فلاحی اداروں کے خودمختار رجسٹرار اور ریگولیٹر ہیں، اور مفادِ عامہ کے لئے اِس بات کو یقینی بنانے کے لئے کام کرتے ہیں کہ:
a. فلاحی اداروں کو پتہ ہو کہ اُنہیں کیا کرنا ہے
b. عوام کو پتہ ہو کہ فلاحی ادارے کیا کام کرتے ہیں
c. فلاحی ادارے کو جوابدہ بنایا جائے

2. **مسلم چیرٹیز فورم**
مسلم چیرٹیز فورم برطانیہ میں مسلمانوں کی قیادت میں انسانی بہبود کے لئے قائم غیر سرکاری تنظیموں کی مشترکہ تنظیم ہے http://www.muslimcharitiesforum.org.uk/.

Pressrelease




**3. آئی سی ایم کے پول کے سروے کی تفصیلات**

آئی سی ایم نے 30 نومبر اور 2 دسمبر 2012 کے درمیان 18 سال سے زیادہ عمر کے 1160 بالغ افراد کا ٹیلی فون پر بنا کسی منصوبہ بندی کے انٹرویو کیا تھا۔ سروے پورے ملک میں کیا گیا تھا اور نتائج کا سارے بالغ افراد کی پروفائل کے ساتھ موازنہ کیا گیا تھا۔ آِ ئی سی ایم برٹش پولنگ کونسل کی رکن ہے اور اِس کے ضابطے کے اندر کام کرتی ہے۔ مزید معلومات www.icmresearch.com پر ہیں